سوال

(87) منکوحہ غیر مدخولہ اور مسئلہ وراثت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کا نکاح ہوالیکن رخصتی ابھی نہیں ہوئی اوروہ آدمی فوت ہوگیا، کیا وہ لڑکی آدمی کی وراثت کی حقدار ہے اوراگر وہ کہیں اور نکاح کرے تو پھر بھی وراثت کی حقدار ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت کی منکوحہ، غیر مدخلوہ بھی اس کی وراثت کی حقدار ہے، اگر میت کی اولاد تھی تو آٹھواں حصہ اور اگر اولاد نہیں تھی تو چوتھا حصہ، صرف حق مہر میں اسے آدھا ملے گا۔ واللہ اعلم

دلیل کے لئے دیکھئے سنن النسائی (۱۲۲/۶ ح ۳۳۶۰ وسندہ صحیح)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص238

محدث فتویٰ